3۔ استمناء (اپنے ہاتھوں سے منی خارج کرنا)

۳۔ استمناء (اپنے ہاتھوں سے منی خارج کرنا)

مسئلہ۸۳۶۔ اگر روزہ دار عمداً ایسا کام کرے جس سے منی خارج ہوجائے تو اس کا روزہ باطل ہو جائے گا۔

مسئلہ۸۳۷۔ اگر منی خارج کرنے کی نیت سے کوئی کام کرے تو منی خارج نہ ہونے کی صورت میں احتیاط کی بناپر روزے کو پورا کرے اور بعد میں اس کی قضا بھی بجالائے ۔

مسئلہ۸۳۸۔ اگر روزہ دار سے نیند میں یا بیداری کی حالت میں بے اختیار منی خارج ہوجائے تو روزہ باطل نہیں ہوتا ۔

مسئلہ۸۳۹۔دن میں احتلام ہونا (دن کے دوران نیند کی حالت میں منی نکلنا) روزے کو باطل نہیں کرتا اور اگر روزہ دار کو علم ہو کہ سونے کی صورت میں احتلام ہوجائے گا تو سوسکتا ہے۔

مسئلہ۸۴۰۔ اگر روزہ دار منی خارج ہونے کی حالت میں نیند سے بیدار ہوجائے تو اس کو روکنا واجب نہیں ہے۔

مسئلہ۸۴۱۔ اگر روزہ دار ماہ رمضان یا دوسرے ایام میں کہ جب اس نے روزہ رکھا ہوا ہو، دن کے دوران نیندکی حالت میں مجنب ہوجائے تو بیدار ہونے کے بعد فوراً غسل کرنا واجب نہیں ہے۔